2017 (A)

رول نمبر ____________

## انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I (کلاس گیارھویں)

اردو اعلیٰ پرچہ - پہلا

وقت = 2.30 گھنٹے

کل نمبر = 80

## انشائیہ

**نوٹ۔ جوابی کاپی پر وہی سوال نمبر اور جزو نمبر درج کیجیے جو کہ سوالیہ پرچے میں درج ہے۔**

### حصہ اول

2۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ نظم کا عنوان اور شاعر کا نام بھی تحریر کیجیے۔ 15 = 1 + 2 + 12

خدا اگر دلِ فطرت شناس دے تجھ کو — سکوتِ لالہ و گل سے کلام پیدا کر

اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احساں — سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر

میں شاخِ تاک ہوں، میری غزل ہے میرا ثمر — مرے ثمر سے مئے لالہ فام پیدا کر

3۔ درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے اور شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 4 + 1 + 4

(الف) کیا کیا رکھے ہے یا رب، سامان تیری قدرت — بدلے ہے رنگ کیا کیا، ہر آن تیری قدرت

سب مست ہو رہے ہیں، پہچان تیری قدرت — تیتر پکارتے ہیں، سبحان تیری قدرت

(ب) کیا تم سے کہیں جہاں کو کیسا پایا — غفلت ہی میں آدمی کو ڈوبا پایا

آنکھیں تو بے شمار دیکھیں لیکن — کم تھیں بخدا کہ جن کو بینا پایا

eduvision.edu.pk

### حصہ دوم

4۔ مندرجہ ذیل نثر پارے کی تشریح کیجیے۔ سبق کا عنوان، مصنف کا نام اور سیاق و سباق بھی لکھیے۔ 10 = 1 + 1 + 2 + 6

ماں کو سب سے زیادہ شکایت اپنی چھوٹی بیٹی سے تھی جس کے سپرد ان دنوں خانہ داری کا سارا انتظام و انصرام تھا۔ یہ ذمہ داری سنبھال کر اس نے ماں کے حق پر ڈاکا ڈالا تھا۔ جسے وہ کسی قیمت پر برداشت نہیں کر سکتی تھی۔ اس حق سے محروم ہونے کے بعد اس کی حیثیت گھر میں ملازموں سے بدتر ہو گئی تھی۔

5۔ درج ذیل شعرا میں سے کسی ایک پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 10 = 4 + 6

(الف) نظیر اکبر آبادی (ب) مولانا ظفر علی خان

6۔ "غلام عباس" پر سوانحی و تنقیدی نوٹ تحریر کیجیے۔ 5 = 2 + 3

7۔ درج ذیل کرداروں میں سے کسی دو پر نوٹ لکھیے۔ 10 = 5 + 5

(الف) شریف حسین (ب) پرکاش (ج) عالیہ (د) ٹھاکر

8۔ سرسید احمد خان کی ادبی خدمات پر مختصر نوٹ تحریر کیجیے۔ **یا** علامہ محمد اقبالؒ کی شاعری کی خصوصیات لکھیے۔ 10

9۔ "داستان" اور "نعت" پر نوٹ تحریر کیجیے۔ 5 + 5

| | | |
|---|---|---|
| Paper Code Number: **2371** | 2017 (A) | رول نمبر ________ |

## انٹرمیڈیٹ امتحان پارٹ - I ( کلاس گیارہویں )

**اردو اعلیٰ پرچہ - پہلا**

وقت = 30 منٹ

کل نمبر = 20

### معروضی

نوٹ۔ ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A، B، C اور D دیے گئے ہیں۔ جوابی کاپی پر ہر سوال کے سامنے دیے گئے دائروں میں سے درست جواب کے مطابق متعلقہ دائرہ کو مارکر یا پین سے بھر دیجئے۔ ایک سے زیادہ دائروں کو پُر کرنے یا کاٹ کر پُر کرنے کی صورت میں مذکورہ جواب غلط تصور ہوگا۔ Bubbles پُر نہ کرنے کی صورت میں کوئی نمبر نہیں دیا جائے گا۔ اس سوالیہ پرچہ پر سوالات ہرگز حل نہ کریں۔

سوال نمبر 1۔

| نمبر | سوال | (A) | (B) | (C) | (D) |
|---|---|---|---|---|---|
| (1) | میرامن کی وجہ شہرت ہے۔ | شاعری | ڈرامانگاری | مضمون نگاری | داستان گوئی |
| (2) | رجب علی بیگ سرور کی جائے پیدائش ہے۔ | دہلی | لکھنؤ | دکن | علی گڑھ |
| (3) | مرزا ہادی رسوا نے اردو کے علاوہ ____ زبان میں لکھا۔ | انگریزی | سندھی | پنجابی | بلوچی |
| (4) | بڑے چچا کو قتل کیا۔ | پولیس نے | فوج نے | دشمنوں نے | ہندو نے |
| (5) | پرکاش نے زیور کا ڈبا واپس کیا۔ | بیوی کے کہنے پر | ٹھاکر کے کہنے پر | ضمیر کی آواز پر | ویاندر کے کہنے پر |
| (6) | کتبہ ____ الماری میں پڑا رہا۔ | دن بھر | ہفتہ بھر | مہینہ بھر | سال بھر |
| (7) | میرزا ادیب کی ادبی زندگی کا آغاز ہوا۔ | 1935 میں | 1936 میں | 1937 میں | 1938 میں |
| (8) | سرسید نے شہر ____ میں سکول کھولا۔ | علی گڑھ | شاہجہاں آباد | دہلی | الہ آباد |
| (9) | حالی نے شاعری کے لیے ____ شرائط ضروری قرار دی ہیں۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| (10) | شراب تمام برائیوں کی ہے۔ | جڑ | ماں | بنیاد | کچھ نہیں |
| (11) | ناول خدا کی بستی کا مصنف ہے۔ | شوکت صدیقی | ولی دکنی | وجہی | قلی قطب شاہ |
| (12) | تشبیہ لفظ ہے۔ | عربی کا | فارسی کا | ترکی کا | ہندی کا |
| (13) | استعارہ کے ارکان کی تعداد ہے۔ | دو | تین | چار | پانچ |
| (14) | مجاز مرسل میں لفظ استعمال ہوتا ہے۔ | لغوی معنی میں | حقیقی معنی میں | مجازی معنی میں | عرفی معنی میں |
| (15) | کنایہ ____ زبان کا لفظ ہے۔ | عربی | فارسی | اردو | ترکی |
| (16) | " بس میں لٹک رہا تھا کوئی ہار کی طرح " علم بیان میں کہلاتا ہے۔ | تشبیہ | استعارہ | مجاز مرسل | کنایہ |
| (17) | مشبہ اور مشبہ بہ کو کہتے ہیں۔ | وجہ جامع | وجہ شبہ | غرض تشبیہ | طرفین تشبیہ |
| (18) | " جنون عشق میں اچھا برا کیا " اس مصرع میں صنعت استعمال ہوئی ہے۔ | تلمیح | تضاد | حسن تعلیل | ایہام |
| (19) | " کھیل سارا ہے چارپائی کا " میں صنعت ____ ہے۔ | مجاز مرسل | استعارہ | کنایہ | ایہام |
| (20) | تعلیل ____ زبان کا لفظ ہے۔ | عربی | فارسی | اردو | ترکی |

eduvision.edu.pk

## BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION, MULTAN

### OBJECTIVE KEY FOR INTER (PART-I / ~~II~~) Examination, 2017

Name of Subject: Urdu Advance　　Session ____________

| Q. Nos. | Paper Code 2371 | Paper Code | Paper Code | Paper Code |
|---|---|---|---|---|
| 1. | D | | | |
| 2. | B | | | |
| 3. | A | | | |
| 4. | D | | | |
| 5. | C | | | |
| 6. | D | | | |
| 7. | B | | | |
| 8. | A | | | |
| 9. | B | | | |
| 10. | B | | | |
| 11. | A | | | |
| 12. | A | | | |
| 13. | B | | | |
| 14. | C | | | |
| 15. | A | | | |
| 16. | A | | | |
| 17. | D | | | |
| 18. | B | | | |
| 19. | D | | | |
| 20. | A | | | |

eduvision.edu.pk

## سرٹیفیکیٹ بابت تصحیح سوالیہ پرچہ/ مارکنگ Key

ہم نے مضمون اردو اعلیٰ پرچہ الف گروپ پہلا سیشن ________ انٹر سالانہ / ضمنی امتحان 2017 کا سوالیہ پرچہ بشمول (Subjective & Objevtive) کو بنظر عمیق چیک کرلیا ہے یہ پرچہ سلیبس کے عین مطابق Set کیا گیا ہے۔ اس سوالیہ پرچہ میں کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔ ہم نے سوالیہ پرچہ کا اردو اور انگریزی Version بھی چیک کرلیا ہے یہ Version آپس میں مطابقت رکھتے ہیں اور سلیبس (Syllabus) کے مطابق بھی ہیں۔ نیز اس پرچہ کی Key کی بابت بھی تصدیق کی جاتی ہے کہ یہ بھی درست بنائی گئی ہے۔ اس میں بھی کسی قسم کی کوئی غلطی نہ ہے۔
مزید یہ کہ ہم نے Key بنانے سے متعلق دفتر کی جانب سے تیارہ کردہ ہدایات وصول کر کے ان کا بغور مطالعہ کرلیا ہے اور ان کی روشنی میں Key بنائی ہے۔

PREPARED & CHECKED BY

| Sr.No | Name | Designation | Institution | Mobile No. | Signature. |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | DR. M. Abrar | Asso. Prof. | G.C.C.L. Multan | 0333-6102985 | [signature] |
| 2. | Rao Rozzar | Asst Prof | G.P.G.C. Kwl | 03017831312 | [signature] |
| ---- | ---------- | ---------- | ---------- | ---------- | ---------- |
| ---- | ---------- | ---------- | ---------- | ---------- | ---------- |
| ---- | ---------- | ---------- | ---------- | ---------- | ---------- |

# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ، ملتان

مورخہ: 29-05-2017 مضمون: اردو اعلیٰ پرچہ: پہلا گروپ:

جنرل ہدایات برائے مارکنگ Key اولڈ سکیم اینو سکیم (مارکنگ سکیم)

انٹر پارٹ فرسٹ / سیکنڈ سالانہ / ضمنی امتحان 2017ء

| Sr # | Code | Error Indicated | Sr # | Code | Error Indicated |
|---|---|---|---|---|---|
| 1. | UN | Un-Necessary | 8. | Sp | Spelling Error |
| 2. | Ir | Irrelevant | 9. | P | Punctuation |
| 3. | IN | Incomplete | 10. | Wo | Wrong word error |
| 4. | EX | Extra | 11. | Wt | Wrong Tense |
| 5. | Rp | Re-Produced | 12. | Wf | Wrong Form |
| 6. | Is | Insufficient | 13. | OA | Over Attempt |
| 7. | Gr | Grammar Error | | | |

اہم نوٹ: ہر سوال "Full Award" سے کم نمبر لگانے کی صورت میں وجہ ضرور لکھیں۔

سوال نمبر 2: نظم کا عنوان ① نمبر شاعر کا نام ① ۔ نظم کا عنوان "جاوید کے نام" ۔ شاعر علامہ محمد اقبال ۔ نظم کے عنوان میں الفاظ کی کمی بیشی یا املاء کے غلط ہونے پر نمبر نہ دیا جائے البتہ شاعر کا تخلص کافی سمجھا جائے ۔ اشعار کی تشریح کے 4+4+4 = 12 ہیں ۔ اگر طالب علم شعر کا مفہوم وضاحت سے تحریر کر دے تو جملے ہونے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ نمبر دیے جائیں ۔ اگر طالب علم مفہوم اور تشریح کو مجموعی طور پر لکھ دے تب بھی اس کی حوصلہ افزائی کی جائے ۔ تشریح کی جانچ کرتے ہوئے املاء کی اغلاط پر زیادہ سے زیادہ 20% نمبر کاٹے جا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 3: شاعر کا نام (الف) نظیر اکبر آبادی (ب) اکبر الہ آبادی 1+1 ۔ اشعار کی تشریح کے 4+4 = 8 ہیں ۔ شاعر کا تخلص بھی کافی سمجھا جائے ۔ اگر طالب علم شعر کا مفہوم وضاحت سے اور درست تشریح کر دے تو زیادہ سے زیادہ نمبر دیے جائیں ۔ شعر کی تشریح مجموعی ہونے کی صورت میں بھی طالب علم کی حوصلہ افزائی کی جائے ۔ تشریح میں املاء کی غلطیوں کی زیادہ سے زیادہ 20% نمبر کاٹے جا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 4: مصنف کا نام ① نمبر، سبق کا عنوان ① نمبر ۔ مصنف کا نام اشفاق صدیقی ، سبق کا عنوان "خدا کی بستی" ۔ سیاق و سباق کے ② نمبر ہیں ۔ سیاق و سباق سبق سے متعلق ہو اور مختصر ہو تو پورے نمبر دیے جا سکتے ہیں ۔ تشریح کے ⑥ نمبر ہیں ۔ تشریح متن سے متعلق ہو اور درست ہو تو زیادہ سے زیادہ نمبر دیے جائیں ۔ تشریح میں املاء کی غلطیوں کے 20% نمبر کاٹے جا سکتے ہیں ۔

سوال نمبر 5: شاعر کے حالات زندگی 4 نمبر ، تنقیدی نوٹ کے 6 نمبر ہیں ۔ اگر طالب علم حالات زندگی اور تنقیدی نوٹ علیحدہ علیحدہ لکھنے کی بجائے مجموعی طور پر لکھ دے تب بھی اس کی حوصلہ افزائی کیجیے ۔

سوال نمبر 6: مصنف کے سوانحی حالات 2 نمبر تنقیدی نوٹ کے 3 نمبر ہیں ۔ علیحدہ لکھنے کی صورت میں زیادہ سے زیادہ نمبر دیے جائیں ۔ جا سکتے ہیں ۔ مجموعی صورت میں لکھنے پر بھی طالب علم کی حوصلہ افزائی کیجیے ۔ حالات زندگی اور تنقیدی نوٹ علیحدہ علیحدہ لکھا گیا ہو تو پورے نمبر

سوال نمبر 7: دو کرداروں کے 5+5 = 10 نمبر ہیں ۔ کرداروں پر درست لکھا گیا ہو تو طالب علم کی حوصلہ افزائی کیجیے ۔

سوال نمبر 8: مضمون کے 10 نمبر ہیں ۔ سر سید احمد خان یا علامہ اقبال کی ادبی خدمات یا شاعری کے حوالے سے مجموعی احاطہ کیا گیا ہو تو زیادہ سے زیادہ نمبر دیے جائیں ۔ اگر صرف سوانحی حالات دیے گئے ہوں تو بھی کچھ نہ کچھ نمبر ضرور دیے جائیں ۔

سوال نمبر 9: داستان اور نعت کے 5+5 = 10 نمبر ہیں ۔ نفس مضمون درست ہو اور موضوع سے متعلق ہو تو بہتر نمبر دیے جائیں ۔

Govt. College Civil Lines Multan

① Dr. Mahmood Abrar Govt. P/G College Khanewal 03017831512

② Rao Rameez Ali

eduvision.edu.pk